# آپ کی کلید سٹی کی ہیلتھ کیر کیانب

آپ کی ہجرت کی کیفیت یا ادائیگی کی صلاحیت سے قطع نظر، صحت کی دیکھ بھال کے اپنے حق کو وقار اور عزت سے کھولیئے۔

**اب بروکلن (Brooklyn)، اسٹیٹن آئی لینڈ (Staten Island) اور برانکس (Bronx) میں۔ شہر بھر میں2020 کے اخیر تک دستیاب!**

**آج ہی NYC Care کے رکن بن جائیں!**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

**nyccare.nyc**

خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے۔

NYC HEALTH+ HOSPITALS

NYC CARE Your Key to the City's Health Care

نیویارک سٹی (New York City) میں ہم صحت کی دیکھ بھال کو انسانی حق تصور کرتے ہیں۔ اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ آپ کہاں پیدا ہوئے ہیں یا آپ کے پاس کتنے پیسے ہیں، ہمارے شہر میں آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ کو صحت کی ایک ایسی معیاری دیکھ بھال فراہم کی جائے جو آپ کی استعداد کے مطابق ہو۔
NYC Care کے ساتھ آپ کو اپنا باقاعدہ صحت کی دیکھ بھال فراہم کنندہ ملے گا اور آپ کو اپنی کمیونٹی میں موجود NYC Health + Hospitals میں مریض کی دیکھ بھال کے مقام پر طبی خدمات فراہم کی جائیں گی جن کی آپ کو ضرورت ہوگی۔ اب بروکلن (Brooklyn)، اسٹیٹن آئی لینڈ (Staten Island) اور برانکس (Bronx) میں۔ شہر بھر میں2020 کے اخیر تک دستیاب!

NYC Care کے ساتھ آپ کرسکتے ہیں:

+ اپنی کمیونٹی میں NYC Health + Hospitals میں مریضوں کی دیکھ بھال کے مقامات پر بنیادی اور بچاؤ کی صحت کی خدمات تک رسائی کے لیے رکنیت کا کارڈ حاصل کرسکتے ہیں۔
+ اپنے بنیادی دیکھ بھال فراہم کنندہ کا انتخاب کریں جو آپ کو بیماریوں سے تحفظ فراہم کرے گا اور آپ کو ان خدمات تک رسائی میں مدد کرے گا جو آپ کو صحت مند رکھنے کے لیے درکار ہیں۔
+ آپ کو جب بھی مدد کی ضرورت ہو ہمارے 24/7 دستیاب کال سینٹر پر کال کرکے حاصل کرسکتے ہیں۔
+ نسخہ پر تجویز کردہ ادویات تک کم قیمت میں 24/7 رسائی حاصل کریں۔
+ بنیادی دیکھ بھال فراہم کرنے والی مکمل ٹیم کی مدد حاصل کریں جس میں نرسیں، ذہنی صحت کے پیشہ ورانہ ماہرین، طبی معاونین، سماجی کارکن، فارماسسٹ اور غذائی ماہرین شامل ہیں۔
+ صحت کی معیاری دیکھ بھال آپ کی استعداد میں۔ شمولیت کے لیے کوئی قیمت یا ماہانہ فیس نہیں ہے۔ صحت کی دیکھ بھال کے حصول کی لاگت آپ کی استعداد کے مطابق ہے، یہ آپ کی آمدنی کی بنیاد پر ہے۔

**مزید معلومات اور اندراج کے لیے کال کریں**

1-646-NYC-CARE
1-646-692-2273

خلوت اور رازداری کی ضمانت دی جاتی ہے

**رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔**